# سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ

# نوٹس برائے غیر معمولی عام اجلاس

بذریعہ ہذا یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) 02 نومبر 2023 بوقت صبح 11:30 بمقام تیسری منزل، پاکستان اسٹاک ایکسچینج آڈیٹوریم بلڈنگ (ایڈمنسٹریشن بلاک)، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی اور بذریعہ ویڈیو لنک کی سہولت کے ساتھ بھی منعقد کیا جائے گا جس میں درج ذیل امور کو زیر بحث لائے جانا مقصود ہیں:

## عمومی امور

1۔ کمپنی کے سینتیسویں (37th) سالانہ عام اجلاس مؤرخہ 28 جنوری 2023 کی کاروائی کی شقوں کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شقوں کے مطابق، 04 نومبر 2023 سے شروع والی تین سال کی مدت کیلئے بورڈ کی جانب سے متعین شدہ کمپنی کے سات (07) ڈائریکٹروں کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے ڈائریکٹروں کے نام درج ذیل ہیں:

i۔ جناب غلام حیدر

ii۔ حاجی خدا بخش راجڑ

iii۔ جناب غلام دستگیر راجڑ

iv۔ جناب رحیم بخش

v۔ جناب محمد قاسم

vi۔ جناب شاہد عزیز

vii۔ جناب ایم عبدالجبار

viii۔ محترمہ نازیہ اعظم

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت غیر معمولی اجلاس عام کے دوران ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے سے متعلق اہم حقائق کا بیان اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے۔

## خصوصی امور

3۔ کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن (6)223 جسے ایس آر او نمبر 2023/(I)389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 "سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات" کی ممبران کو ترسیل کار آمد بذریعہ کیو آر کوڈ اور ویب لنک اور سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات بمعہ متعلقہ دستاویزات کو ڈاؤن لوڈ کرنے سے متعلق معاملے کو زیر غور لانا اور اس کی منظوری دینا، نیز ترامیم کے ساتھ یا ترامیم کے بغیر مندرجہ ذیل عام قراردادوں کو پاس کرنا:

"قرار دیا جاتا ہے کہ حصص داران کی جانب سے منظوری کے ساتھ کمپنی اس بات کی مجاز ہے اور اسے مجاز بنایا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) جسے ایس آر او نمبر 389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات" ممبران کو بذریعہ کار آمد کیو آر کوڈ ارسال کی جائیں اور انہیں ویب لنک کے ذریعے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ دستاویزات بمعہ دیگر متعلقہ دستاویزات تک رسائی اور ڈاؤن لوڈ کی سہولت فراہم کی جائے۔"

"مزید قرار دیا جاتا ہے کہ بذریعہ ہذا چیف ایگزیکیٹیو اور کمپنی سیکرٹری اس بات کے مجاز ہیں اور انہیں مجاز بنایا جاتا ہے کہ قرارداد ہذا کے ضمن میں ایسے تمام اقدامات، افعال اور کام سرانجام دیں یا دینے کا باعث بنیں جو کہ قرارداد ہذا کے نفاذ کیلئے لازم ہوں۔"

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت غیر معمولی اجلاس عام میں زیر بحث آنے والے مذکورہ بالا امور خصوصی سے متعلق اہم حقائق کا بیان اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے۔

4۔ چیئرمین کی اجازت کے ساتھ کسی دیگر امور کو زیر بحث لانا۔

بحکم بورڈ

محمد مبین عالم
کمپنی سیکرٹری

کراچی: 12 اکتوبر 2023

## نوٹس:

**1۔ حصص منتقلی کھاتوں کی بندش**

کمپنی کی حصص منتقلی کے کھاتے برائے سالانہ عام اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کے ضمن میں مؤرخہ 26-10-2023 تا 02-11-2023 (بشمول ایام مزکورہ) بند رہیں گے۔ ایسی تمام دستی منتقلیاں/ سی ڈی ایس منتقلیاں اور آئی ڈی ایس جو کہ ہر لحاظ مکمل ہوں اور کاروباری دن کے اختتام مؤرخہ 25-10-2023 تک کمپنی کے حصص رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبر، حسرت موہانی روڈ، کراچی کو موصول ہو جائیں تو انہیں بروقت تصور کیا جائے گا اور انہیں غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور حق رائے دہی کیلئے اہل سمجھا جائے گا۔

**2۔ ڈائریکٹروں کے انتخاب میں حصہ**

کوئی بھی ممبر جو کہ ڈائریکٹرز کے انتخابات میں حصہ لینا چاہتا ہوں/ چاہتی ہوں، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا/والی ڈائریکٹر ہو یا بصورت دیگر، کو چاہیئے کہ اجلاس کے ہونے سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے انتخابات میں حصہ لینے سے متعلق اپنے ارادہ ظاہر کرنے کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں بمعہ مندرجہ ذیل دستاویزات و معلومات اپنی فائل جمع کروادیں۔

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے مطابق (نیز بحوالہ (ح)(2)) مندرجہ ذیل ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے اپنے ارادے کا نوٹس بمعہ فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی شراکت نمبر/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔

ب۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167(1) اور ریگولیشن 4 بابت کمپنیز (جنرل پروویژن اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 (نیز بحوالہ نوٹ (ح)(2)) مندرجہ ذیل ہر لحاظ سے پر اور مکمل شدہ اور فارم - 28 جس میں بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی ظاہر کی گئی ہو۔

ج۔ ایس آر او نمبر 1196(I)/2019 مؤرخہ 03 اکتوبر 2019 مجریہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے تحت مکمل کوائف بمعہ مکمل پتہ اور رابطے کی دیگر تفصیلات۔

د۔ بصورت فرد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی واضح نقل (دونوں اطراف سے) اور بصورت کارپوریٹ ادارہ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت قومی شناختی کارڈ کی جگہ مجاز شخص کا شناختی کارڈ، بورڈ کی قرارداد کی مصدقہ نقل، پاور آف اٹارنی، توثیقی خط یا دوسری دستاویزات، یا جیسا کہ معاملہ ہو، جمع کروانا ہونگے۔

ھ۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 کے تحت ہوگا۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدوار پر لازم ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)6 بابت لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 و دیگر رولز جو کہ اس کے تحت بنائے گئے ہوں کے تحت ایک اقرار نامہ جمع کروانا ہوگا جس میں یہ اقرار کیا گیا ہو کہ ایسا امیدوار غیر جانبدار ڈائریکٹر بننے اور غیر جانبدار رہنے کیلئے اہل ہیں۔

و۔ اس بات کی توثیق کیلئے اقرار کرنا ہوگا کہ:

☆ امیدوار متعلقہ قوانین اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور لسٹنگ ریگولیشنز بابت پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ اور کوڈ آف کارپوریٹ گورننس جس کا اطلاق لسٹڈ کمپنیوں پر ہوتا ہو جو کہ ریگولیٹری اتھارٹیز کی جانب سے جاری ہوئے ہوں اور ان کے تحت اپنے اختیارات سے مکمل طور پر آگاہ ہو۔

☆ امیدوار سات (7) لسٹڈ سے زائد کمپنیوں میں خدمات سرانجام نہیں دے رہا۔

☆ امیدوار کا نام نیشنل ٹیکس دھندگان کی فہرست میں شامل ہے۔

☆ امیدوار کسی بھی مجاز عدالت سے کسی بینکنگ کمپنی، ترقیاتی مالیاتی کمپنی یا غیر بینکنگ مالیاتی ادارے کا نادہندہ قرار نا دیا گیا ہو۔

☆ امیدوار کسی بروکریج کے کاروبار میں ملوث نا ہو اور نا ہی کسی ایسے شخص کا / کی زوج / زوجہ ہو اور نا ہی کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا سپانسر، ڈائریکٹر یا آفیسر ہو۔

☆ امیدوار کسی مجاز عدالت سے کسی اخلاقی جرم میں سزا یافتہ نا ہو۔

☆ امیداوار کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ڈائریکٹر کی ذمہ داریوں سے روکا نا گیا ہو۔

☆ امیدوار پر کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 212 کے تحت دھوکہ دہی کے الزام سے مبرا ہو اور گزشتہ پانچ سال کے عرصے کے دوران اس سلسلے میں کسی بھی عدالت سے ایسا کوئی بیان بھی جاری نا کیا گیا ہو۔

☆ امیدوا کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 153 اور 177 کے تحت ڈائریکٹر کا عہدہ سنبھالنے کیلئے نا اہل نا ہو۔

ز۔ امیدواروں سے گزارش ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخابات سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ریگولیشنز کے متعلقہ سیکشنز اور دیگر مروجہ قوانین کا مطالعہ فرمالیں تاکہ اس معاملے میں قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری کو ممکن بنایا جاسکے۔

ح۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن 7A ترمیم شدہ بذریعہ ایس آر اونمبر 2023/(1)906 مورخہ 7 جولائی 2023 کے تحت کوئی بھی ممبر جو انتخابات میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے اپنی خواہش کے مطابق کسی بھی قسم کا انتخاب کرسکتا / سکتی ہے۔ کمپنی کے ڈائریکٹروں کے انتخاب کے سلسلے میں تینوں اقسام کیلئے مختص شدہ درج ذیل نشتوں پر علیحدہ علیحدہ ووٹنگ کروائی جائے گی:

| نمبر شمار | ڈائریکٹرز کی اقسام | نشتوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | خاتون ڈائریکٹر | 01 |
| 2 | غیر جانبدار ڈائریکٹرز | 02 |
| 3 | دیگر ڈائریکٹرز | 04 |

**3۔ حق رائے دہی (بذریعہ ڈاک / الیکٹرانک ذرائع)**

ایس آر او 2022/(1)2192 مؤرخہ 5 دسمبر 2022 اور کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (ریگولیشنز) اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی پاسداری کے ضمن میں کمپنی کی ذمہ داری ہے کہ کمپنی کے ممبران کو بذریعہ ڈاک اور الیکٹرانک ذرائع حق رائے دہی کی سہولت فراہم کرے، اس ضمن میں ایکٹ کے سیکشنز 143 اور 144 کی پاسداری لازم ہے۔ کمپنی کے ممبران کو بذریعہ ڈاک اور الیکٹرانک ذرائع حق رائے دہی کی سہولت ان تمام امور کے سلسلے میں فراہم کی جائے گی جنھیں ایکٹ کے تحت امور خصوصی گردانا گیا ہے، نیز ڈائریکٹرز کے انتخابات اگر ان افراد کی تعداد جو کہ خود کو انتخاب کیلئے پیش کریں اس تعداد سے زیادہ ہو جو کہ ذیلی سیکشن (1) بابت سیکشن 159 برائے ایکٹ میں معین تعداد سے زیادہ ہو تو یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔

ممبران اپنی صوابدید پر مندرجہ بالا کسی بھی قسم کے ڈائریکٹرز کے حق میں اپنی حق رائے دہی کو استعمال کر سکتے ہیں جو کہ نوٹ (ح) 2 میں مذکور ہے۔ تاہم اس بات کو نوٹ کر لیا جائے کہ تمام ممبران کو ڈائریکٹرز کی اقسام کے لحاظ سے دستیاب ووٹوں کی تقسیم متعلقہ اقسام کے ڈائریکٹرز کی نشتوں کی تعداد کے تناسب سے ہوگی، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

| نمبر شمار | ڈائریکٹرز کی اقسام | نشستوں کی تعداد | ووٹوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| 1 | خاتون ڈائریکٹر | 01 | 1× ملکیت میں موجود عام حصص کی تعداد |
| 2 | غیر جانبدار ڈائریکٹرز | 02 | 2× ملکیت میں موجود عام حصص کی تعداد |
| 3 | دیگر ڈائریکٹرز | 04 | 4× ملکیت میں موجود عام حصص کی تعداد |

اگر امیدواروں کی تعداد جو کہ ہر ایک قسم میں خود کو انتخاب کیلئے پیش کریں اس تعداد سے زیادہ نا ہو جس تعداد میں ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جانا ہے تو ایسے امیدوار بلا مقابلہ ووٹنگ کے عمل کے بغیر ہی منتخب ہو جائیں گے۔

ووٹنگ اور دیگر متعلقہ معاملات میں، بابت ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ، قواعد کی رو سے اور غیر ملکی حصص داران تک معلومات فراہم کرنے کے ذرائع جن کی وجہ سے وہ ای ووٹنگ کا حق استعمال کر سکتے ہوں اور غیر ملکی ممبران اور کارپوریٹ اداروں، کارپوریشنوں اور وفاقی حکومت کے نمائندگان سے بطور شناخت کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی جگہ درج ذیل طریقے کار کے تحت مندرجہ ذیل دستاویزات ظاہر کرنا ہونگی:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے باب نمبر II اور باب نمبر III کے مطابق کمپنی کی جانب سے اجلاس شروع ہونے سات دن قبل ممبران کیلئے ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ سے متعلق معلومات بھیجی / شائع / ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جائیں گی، یہ معلومات درج ذیل ہیں:

i۔ کمپنی کی جانب سے ای ووٹنگ کی سہولت سے متعلق معلومات ان (مقامی / غیر ملکی) حصص داران / کمپنی کے ممبران (خواہ غیر ملکی حصص داران ہو یا غیر ملکی کارپوریٹ ادارے، غیر ملکی کارپوریشن کے نمائندے وغیرہ ہوں)، جیسی بھی صورت ہو، کو بھیجی جائیں گی جن کا کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر / قومی شناختی کارڈ برائے اوورسیز پاکستانی / پاسپورٹ نمبر / غیر ملکی کاروباری ادارے کا رجسٹریشن نمبر، رابطہ نمبر (مقامی / غیر ملکی) اور توثیق شدہ ای میل ایڈریس کاروباری دن کے اختتام تک کمپنی کے ممبران رجسٹر میں درج ہو (جیسا کہ کمپنی کی جانب سے تصریح کی جا چکی ہے)۔

ii۔ معلومات جو کہ ممبران کو فراہم کی جائیں گی، جو کہ محض اسی حد محدود نہیں، ان میں ویب ایڈریس، لاگ ان سے متعلق معلومات، پاس ورڈ، ای ووٹ ڈالنے کی تاریخ اور دیگر معلومات بذریعہ ای میل، جو کہ کمپنی کے پاس رجسٹرڈ ہو، بھیجی جائیں گی۔

iii۔ کمپنی کے پاس رجسٹر موبائل نمبر پر ویب پورٹل برائے ای ووٹنگ سروس پرووائڈر یا الیکٹرانک دستخط سے سیکیوریٹی کوڈ بذریعہ ایس ایم ایس مقامی / غیر مقامی حصص داران اور مجاز نمائندہ کو بھیجا جائے گا۔

iv۔ ایجنڈا آئٹم ای ووٹنگ سروس پرووائڈر کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا جائے گا۔

v۔ ای ووٹنگ کی سہولت ایام کار کے کم از کم تین دنوں تک دستیاب رہے گی اور پولنگ کی تاریخ سے ایک دن قبل (پاکستان کے معیار وقت کے مطابق) 17:00 بجے ختم ہو جائے گی۔

vi۔ ووٹ ڈالنے کیلئے ممبر کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی توثیق کے ذریعے ثابت کی جائے گی۔

vii۔ ایک مرتبہ ووٹ ڈال دیئے جانے کے بعد اس میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

کمپنی بیلٹ پیپر اور درج ذیل معلومات شائع کرے گی:

i۔ بیلٹ پیپر مخصوص ساخت کے مطابق جو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے تحت ہوگا۔

ii۔ اجلاس کے چیئرمین کا کاروباری پتہ اور رابطے کی تفصیلات

iii۔ مقامی اور غیر ملکی حصص داران کے لیے بیلٹ پیپرز جمع کرانے کا تفصیلی طریقہ کار

iv۔ اخبارات میں شائع کرنے کے علاوہ بیلٹ پیپرز کو میٹنگ سے سات دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کیا جائے گا

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ پر کئے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ کاروباری اوقات کے دوران پولنگ کے دن سے ایک دن پہلے پوسٹ یا ای میل کے ذریعے چیئرمین تک پہنچائی جائے۔ دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے ساتھ منسلک ہونا چاہیئے۔

ممبران (مقامی/غیر ملکی) اور کاروباری ادارے، کارپوریشنز، وفاقی حکومت کے نمائندوں کی صورت میں شناخت ثابت کرنے کیلئے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی جگہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/ قومی شناختی کارڈ برائے اوورسیز پاکستانی/پاسپورٹ نمبر/ غیر ملکی کاروباری ادارے کا رجسٹریشن نمبر، بورڈ کی قرارداد کی مصدقہ نقل، پاور اٹارنی، توثیقی لیٹر وغیرہ، جیسی بھی صورت ہو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 138 اور 139 کے مطابق پیش کرنا ہوگا۔ مزید برآں، غیر ملکی کاروبارے ادارے کی صورت میں ممبر کے تمام دستاویزات کی توثیق اس پاکستانی قونصل جنرل آف پاکستان سے کروانا ہوگی جس کی عملداری کے تحت ممبر آتا ہو۔

4۔ **چھان بین کنندہ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 مجریہ سیکیورٹیز اینڈ کمیشن آف پاکستان کے مطابق، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے میسرز کریسٹن حیدر بھیجی اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس)، جو کہ کمپنی کے قانونی آڈیٹر بھی ہیں کو غیر معمولی اجلاس عام بابت انتخابات برائے ڈائریکٹرز (جیسا کہ مطلوب ہو) کے سلسلے میں، خصوصی امور کے لئے، اور دیگر ایجنڈا اگر کوئی ہو کے لئے، تعینات کیا گیا ہے۔

کمپنی اجلاس سے سات دن قبل چھان بین کنندہ کی معلومات بھیجے گی جس میں (الف) نام (ب) تعلیم و تجربہ (ج) تعیناتی کی وجہ شامل ہیں۔

5۔ **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت:**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر 4 مورخہ 15 فروری 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فزیکل اجلاس کے علاوہ الیکٹرانک ذرائع سے اجلاس میں ممبران کی شرکت کو یقینی بنائیں۔ لہذا، ممبران آن لائن لاگ ان میں شرکت کے لیے ممبران کی تصدیق اور شناخت کے لیے درکار تمام رسمی کارروائیوں کو مکمل کرنے کے بعد بھی غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

اس مقصد کے لیے، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ "info@sangharsugarmills.com" پر ای میل بھیج کر اپنی تفصیلات بعنوان "غیر معمولی اجلاس عام نومبر 2023" کمپنی کے پاس رجسٹر کروائیں اور درج ذیل تفصیلات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو بنام کمپنی سکرٹری بذریعہ کوریئر/ ڈاک ارسال کر کے بھی رجسٹریشن کروائی جاسکتی ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل تفصیلات درکار ہیں:

| ممبر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ سی ڈی سی نمبر | ای میل کا پتہ | موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کرنے سے متعلق تفصیلات صرف انہی حصص داران/ پراکسی (پراکسی فارم جمع کروانا لازم ہے) کوفراہم کی جائیں گی جن کی جانب سے مزکورہ بالا معلومات اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے تک جمع کروادی جائیں گی۔ نامکمل، مشکوک اور آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والی معلومات کو اجلاس کی کاروائی میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

مذکورہ معلومات ارسال کرتے وقت لازم ہے کہ ممبران اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور جہاں ضروری ہو ان ممبران کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل بھی منسلک کریں جن کی پراکسی ان کے پاس ہے۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کے بغیر ایسے ممبران کو ویڈیو لنک کی سہولت کیلئے رجسٹر نہیں کیا جائے گا۔

**6۔ ایجنڈے کے امور سے متعلق آراء وسفارشات**

ممبران اجلاس میں اس طرح بھی شرکت کر سکتے ہیں کہ ہمارے واٹس ایپ نمبر پر یا بذریعہ ای میل ہمارے ای میل پتے پر (بعنوان غیر معمولی اجلاس عام، نومبر 2023) ایجنڈے پر موجود امور سے متعلق اپنی آراء اور مشوروں سے ہمیں آگاہ کریں۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

واٹس ایپ نمبر : 2742176 300 92+

ای میل پتہ : info@sangharsugarmills.com

یہ ہماری ذمہ داری ہوگی کہ ممبران کی جانب سے دی جانے والی آراء اور سفارشات پر اجلاس میں زیر بحث لایا جائے اور زیر بحث لانے کے بعد ان آراء اور سفارشات کو اجلاس کی کاروائی کے تحت ضبط تحریر میں بھی لایا جائے گا۔

**7۔ غیر معمولی جلاس عام اجلاس میں بذریعہ پراکسی شرکت:**

کوئی ایسا ممبر جو کہ اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت رکھتا ہو اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شرکت اور رائے دہی کیلئے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے اور بطور پراکسی مقرر کئے جانے والے فرد کو اصل ممبر کی طرح اجلاس میں شرکت کرنے، رائے دینے اور ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہوگا۔ پراکسی مقرر کئے جانے والے فارم کے قابل قبول ہونے کیلئے لازم ہے کہ ہر لحاظ سے پر شدہ اور مکمل فارم دستخط اور مہر کے ساتھ بمعہ دو گواہوں، ان کے نام، پتے، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخطوں کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ پتے آفس نمبر 204، دوسری منزل، کلفٹن سینٹر، بلاک 5، کلفٹن کراچی پر اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔ پراکسی فارم کو اعلان ہذا کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے اور کمپنی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل افراد پر لازم ہے کہ سرکلر مؤرخہ 26 جنوری 2000 از ایس ای سی پی میں مزکور ہدایات پر بھی عمل کریں۔

**8۔ قومی شناختی کارڈ جمع کرانا (لازم)**

کمپنی کے ایسے حصص داران جن کے پاس کمپنی کے فزیکل / کاغذی حصص موجود ہیں اور انھوں نے ابھی تک اپنا کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ہمارے پاس جمع نہیں کروایا کو ان کے بہترین مفاد میں بذریعہ ہذا نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام کے ساتھ یاددہانی کروائی جاتی ہے اور مطلع کیا جاتا ہے جیسا کہ ماضی میں بھی انھیں سالانہ عام اجلاس اور غیر معمولی سالانہ اجلاس عام کے نوٹسز کے ذریعے یاددہانی کروائی جاتی رہی ہے جو کہ گزشتہ سالانہ رپورٹس میں شائع ہوتے رہے ہیں، نیز کراچی اور لاہور کے معروف اخبارات میں خصوصی نوٹسز کے ذریعے بھی مختلف تاریخوں پر یہ یاددہانی کروائی جاتی رہی ہے کہ کمپنی یا کمپنی شیئر رجسٹرار کو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل فوری طور پر ارسال کر دیجئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ SRO 83(1)/2012 مجریہ 5 جولائی 2012 اور SRO 19(1) بابت 2014 مجریہ 10 جنوری 2014 کے مطابق عمل درآمد کیا جا سکے۔

ایسے تمام حصص داران جن کے پاس کمپنی کے حصص فزیکل / کاغذی صورت میں موجود ہیں ان کی فہرست جس میں ان کے فولیو نمبر، نام، پتے اور حصص کی تعداد کے ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ www.sangharsugarmills.com پر جاری کردی گئی ہے تا کہ جن حصص داران کی جانب سے ابھی تک کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ جمع نہیں کروایا گیا ہے وہ اس فہرست میں اپنا نام دیکھ سکیں۔

**9۔ اجلاس میں شرکت**

دستی حصص کا حامل کوئی ممبر اگر ذاتی طور پر اجلاس میں شرکت کرے تو لازم ہے کہ اپنا اصل کارآمد قومی شناختی کارڈ ہمراہ لے کر آئے اور حاضری کے رجسٹر میں اپنی حاضری بمعہ قومی شناختی کارڈ اور فولیو نمبر درج کرے۔ اس کے علاوہ ایسے ممبران جنھوں نے اپنے حصص سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی میں جمع کروا دیئے ہیں اور وہ اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہیئے کہ اپنے اصل قومی شناختی کارڈ کے علاوہ شراکتی شناختی نمبر اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر / اکااونٹ نمبر بھی ہمراہ لے کر آئیں اور حاضری کی شیٹ پر دستخط کرتے وقت اپنے قومی شناختی کارڈ اور سی ڈی سی اکاونٹ نمبر کو ضرور درج کریں۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندگان پر لازم ہے کہ اس موقع کی مناسبت سے ایس ای سی پی کی جانب سے لازم قرار دی گئی تمام دستاویزات ہمراہ لے کر آئیں۔

**10۔ پتے کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ اگر انکے پتے کسی بھی قسم کوئی تبدیلی واقع ہوئی تو فوری طور پر اس تبدیلی سے کمپنی کے حصص رجسٹرار کو مطلع کریں۔ تاہم ایسے ممبران جن کے حصص سی ڈی سی میں ہیں کو چاہیئے کہ متعلقہ شراکت دار کو ہی پتے کی تبدیلی سے مطلع کریں۔

**11۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت**

ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں، اگر اس سہولت سے فائدہ اٹھانا مقصود ہو تو اجلاس سے کم از کم 10 دن پہلے درج ذیل فارم کو باقاعدہ پر کرنے کے بعد کمپنی رجسٹرڈ شدہ پتے پر جمع کرا دیں۔

اگر کسی بھی جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر حصص داران کے اوسطاً 10% ممبران کی جانب سے اجلاس سے کم از کم 10 دن قبل کمپنی کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست موصول ہوتی ہے تو کمپنی کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کا بندوبست کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس علاقے میں بھی یہ سہولت میسر ہو۔

اگر ویڈیو کانفرنس کی سہولت میسر کرنی ہو تو کمپنی کی جانب سے حصص داران کو اجلاس سے کم از کم 5 دن قبل اطلاع فراہم کردی جائے گی اور انھیں مکمل معلومات فراہم کی جائیں گی کہ اس سہولت تک انکی رسائی کس طرح ممکن ہو سکتی ہے۔

میں / ہم ------------------------------------ ساکنہ ------------------------------ بطور ممبر سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ، حامل

---------------- عام حصص (تعداد حصص) بحوالہ رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ------------------ ---------------------------------

بذریعہ ہذا بمقام ------------------------------ ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا / چاہتی ہوں۔

**12۔ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ**

ممبران کو چاہیئے کہ اگر ماضی میں اعلان کئے گئے کوئی بھی ڈیویڈنڈ انکے حق میں کمپنی پر واجب الادا ہیں تو فوری طور اس کی اطلاع تحریری طور کمپنی کو دیں۔ برائے مہربانی اس سلسلے میں دستخط شدہ مکمل معلومات کمپنی کے حصص رجسٹرار یا کمپنی سیکرٹری کے پاس جمع کروائیں۔

**13۔ الیکٹرانک ذرائع سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت ڈیویڈنڈ کے مستحق حصص داران کے ڈیویڈنڈ بجائے ڈیویڈنڈ وارنٹ کے براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کروا دیئے جائیں۔

لہذا مستقبل میں آپ اپنے ڈیویڈنڈ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں حاصل کرنے کیلئے اپنے بینک اکاؤنٹ سے متعلق مکمل معلومات ہمیں فراہم کیجئے اوراس سلسلے میں باقاعدہ تحریری طور بمعہ قومی شناختی کارڈ نمبر/این ٹی این نمبر اپنے دستخطوں کے ساتھ معلومات کو کمپنی کے حصص رجسٹرار کے پاس اور سی ڈی سی کی صورت میں اپنے شراکت دار/سی ڈی سی سرمایہ کار کے پاس جمع کروادیں۔ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہونے کے علاوہ ہماری ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

**14۔ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات ونوٹس کی اطلاع بذریعہ ای میل**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 جسے ایس آر او نمبر 2023/(I)389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا کی پاسداری کرتے ہوئے، مروجہ قوانین کی روشنی میں اور حصص داران کی منظوری ے ساتھ مشروط، اجلاس ہذا کے نوٹس کے مطابق، کمپنی کے ممبران کو "سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات" بذریعہ کارآمد کیوآر کوڈ ارسال کی جائیں گی اور انھیں ان سالانہ رپورٹس بمعہ دیگر دستاویزات ومتعلقہ رپورٹس تک بذریعہ ویب لنک رسائی اور ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔

**15۔ آڈٹ شدہ مالیاتی کی ہارڈ نقول کرنے حاصل کرنے کیلئے اظہار رضامندی**

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن بحوالہ نمبر (1)470 مؤرخہ 31 نومبر 2016 اور نوٹیفکیشن نمبر 2014/(1)787 مؤرخہ 8 ستمبر 2014 کی جگہ/جذوی ترامیم کے ساتھ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کئے گئے حالیہ ایس آر او نمبر 2023/(I)389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 جسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز (6)223 اور (7)223 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت ایسے ممبران جو کہ کمپنی کی مالیاتی دستاویزات اور رپورٹس بذریعہ ای میل کے بجائے ہارڈ نقول کی صورت میں حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں تو انھیں چاہیئے کہ "اسٹینڈرڈ درخواست فارم" برائے حصول ہارڈ نقول بابت کمپنی مالیاتی دستاویزات ونوٹس باقاعدہ طور پر اور دستخط کر کے کمپنی سیکرٹری/شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروادیں۔ اسٹینڈرڈ درخواست فارم" کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے اوراس فارم اس اعلان کے ساتھ بھی منسلک کردیا گیا ہے۔

کمپنی کی جانب سے مالیاتی دستاویزات کی آڈٹ شدہ مکمل ہارڈ کاپی درخواست گزار کے رجسٹرڈ شدہ پتے پر ایک ہفتے کے اندر اندر مفت ارسال کردی جائے گی بشرطیکہ کسی ممبر کی جانب سے اسٹینڈرڈ فارم اس سلسلے میں باقاعدہ درخواست دی گئی ہو۔

**16۔ کاغذی حصص کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع کروانا:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام موجودہ لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ اپنے کاغذی صورت میں جاری کردہ اپنے حصص کو کھاتوں میں اندراج کے ذریعے تبدیل کرلیں، لہذا ایسے حصص داران جن کے پاس کمپنی کے حصص کاغذی سورت میں موجود ہیں سے گزارش کی جاتی ہے کہ کسی بھی بروکر کے پاس اپنا سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھلوالیں یا براہ راست سی ڈی سی میں اپنا سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھلوالیں تا کہ ان کے حصص کو اسکرپ لیس فارم میں منتقل کیا جاسکے، ایسا کرنے سے انھیں کئی لحاظ سے سہولیات فراہم ہوجائیں گی جیسا کہ محفوظ تحویل، کسی بھی وقت حصص کی فروخت وغیرہ، کیونکہ موجودہ قوانین کی رو سے کاغذی صورت میں اب حصص کی خرید وفروخت ممنوع ہے۔

-----------------+++++++---------------

# کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 (3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں اہم حقائق کا بیان - غیر جانبدار ڈائریکٹرز

غیر جانبدار ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 اور اس کے تحت جاری کردہ ضوابط کے تحت مقرر کردہ مروجہ معیارات کے مطابق کیا جائے گا۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب کے جواز کے حوالے سے، امیدواروں کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے اہل ہونا لازم ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 (2) او رکمپنیز (غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب) ضوابط 2018 کے تحت وضع کردہ آزادی کے معیار پر پورا اترنا لازم ہے۔ امیدوار اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام غیر جانبدار ڈائریکٹر کے ڈیٹا بینک میں درج ہوں۔ تاہم، امیدوار کا انتخاب اسی طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا جیسا کہ سیکشن 159 کے مطابق دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

ذریعہ ہذا اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈر کے علاوہ کسی بھی ڈائریکٹر کا کمپنی کے مذکورہ کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ تعلق/ رابطہ نہیں ہے اور وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔ موجودہ غیر جانبدار ڈائریکٹرز اس حد تک دلچسپی رکھتے ہیں کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر انتخاب نو کے اہل ہیں۔

# کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134 (3) کے تحت کارآمد کیوآر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات ارسال کئے جانے سے متعلق اہم حقائق کا بیان

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنیوں اس بات کی اجازت دے دی ہے کہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو CD/ DVD/ USB کے بجائے کیوآر فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے ممبران/حصص داران کو ارسال کرے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تقاضوں کے مطابق اجلاس کا نوٹس ممبرز کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجا جائے گا، جس میں کیوآر کوڈ اور ویب لنک ایڈریس شامل ہونگے تا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات بمعہ دیگر متعلقہ رپورٹس و دستاویزات کو دیکھنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت میسر ہو۔

ٹیکنالوجی میں پیشرفت سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے پیش نظر کمپنی کے ممبران کو سالانہ رپورٹ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات اور دیگر متعلقہ دستایزات) بذریعہ کیوآر فعال کوڈ اور ویب لنک ارسال کرنے کے لیے ایس ای سی پی کے مذکورہ ایس آر او کے تحت ممبران کی منظوری مطلوب ہے۔
بذریعہ ہذا اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈر کے علاوہ کسی ڈائریکٹر کا کمپنی کے مذکورہ کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ تعلق نہیں ہے۔

-------------------- xxxxx--------------------

مزید معلومات یا سوالات کیلئے ممبران، کمپنی یا ہمارے حصص رجسٹرار سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کرسکتے ہیں:

**کمپنی کا رجسٹرڈ شدہ دفتر:**

دفتر نمبر 204، دوسری منزل، کلفٹن سینٹر، بلاک-5، کلفٹن کراچی۔

فون نمبر: 43 to 35371441 – 021 (تین لائینیں) فیکس ؛ 35371444 –021،

ویب سائٹ www.sangharsugarmills.com، ای میل: info@sangharsugarmills.com

**حصص رجسٹرار برائے کمپنی:**

حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی،

فون: 32424826 – 021، فیکس: 32424835 –021